کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 1

نام: ______________________ تاریخ: ______________________

دی گئی عبارت کو پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

ایک زمانے میں بادشاہ کا خوب صورت باغ تھا اور اِس باغ میں ایک درخت تھا۔جس پر سنہری سیب لگے ہوئے تھے۔ اور یہ سیب ہر شام گنے جاتے تھے اور ہر صبح ایک سیب غائب ہوتا تھا۔ اِس پر بادشاہ کو بہت غصہ آیا۔

س1۔ بادشاہ کے پاس کونسا درخت تھا؟

____

س2۔ درخت پر کیسے سیب لگے ہوئے تھے؟

____

س3۔ بادشاہ کو کیوں غصّہ آیا؟

____

Download free from www.bookline.pk

کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 2

نام: ____________________ تاریخ: ____________________

درج ذیل عبارت پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

یہ ایک آم ہے۔ اس کا رنگ پیلا ہے۔

یہ بہت مزیدار اور صحت بخش ہوتا ہے۔

اِس کو پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

یہ گرمیوں کے موسم میں آتا ہے۔

یہ پاکستان کا قومی پھل ہے۔

س1۔ آم کس رنگ کا ہوتا ہے؟

____

س2۔ آم کو کیا کہا جاتا ہے؟

____

س3۔ آم کونسے موسم میں آتا ہے؟

____

س4۔ پاکستان کا قومی پھل کونسا ہے؟

____

Download free from www.bookline.pk

کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 3

First Step Series
www.bookline.pk

scan QR code for more worksheets

نام: ____________________ تاریخ: ____________________

درج ذیل عبارت پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

ہاتھی ایک طاقتور جانور ہے۔ یہ عام طور پر جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ ہم اِس کو چڑیا گھر میں بھی دیکھ سکتے ہیں۔ ہاتھی کی لمبی ناک کو سونڈ کہتے ہیں۔ یہ اپنی سونڈ سے آواز نکالتا ہے۔ ہاتھی اپنی سونڈ سے کھانے، پینے اور سونگھنے کا کام لیتا ہے۔

س1۔ ہاتھی کیسا جانور ہے؟

____

س2۔ ہاتھی کہاں پایا جاتا ہے؟

____

س3۔ ہاتھی کی لمبی ناک کو کیا کہتے ہیں؟

____

کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 4

نام: ____________________ تاریخ: ____________________

دی گئی عبارت پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

میرا نام سارہ ہے۔ میں پہلی جماعت میں پڑھتی ہوں۔ یہ میرا گھر ہے۔ میں اپنے امی ابو اور بھائی کے ساتھ رہتی ہوں۔ میرے ابو کا نام علی اور امی کا نام آمنہ ہے۔ میرے بھائی کا نام اسد ہے۔ میرے گھر کے باہر ایک باغ ہے۔ اُس میں رنگ برنگے پھول اور پودے ہیں۔ گھر میں سب مِل جُل کر رہتے ہیں۔

س1۔ سارہ کس جماعت میں پڑھتی ہے؟

____

س2۔ سارہ کے ابو امی کا کیا نام ہے؟

____

س3۔ سارہ کے بھائی کا کیا نام ہے؟

____

س4۔ وہ سب گھر میں کیسے رہتے ہیں؟

____

Download free from www.bookline.pk

کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 5

نام: ____________________ تاریخ: ____________________

scan QR code for
more worksheets

درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

آمنہ میری بہت اچھی دوست ہے۔ اُسے چاکلیٹ بہت پسند ہیں۔ ہم ایک ہی سکول میں پڑھتے ہیں۔ آج اُس کی سالگرہ ہے۔ اُس نے گلابی لباس پہن رکھا ہے۔ وہ بہت خوب صورت لگ رہی ہے۔ میں نے اس کے لیے ایک بہت اچھا تحفہ خریدا۔

س1۔ میری دوست کا کیا نام ہے؟

____

س2۔ آمنہ کو کیا پسند ہے؟

____

س3۔ آمنہ نے اپنی سالگرہ پر کونسے رنگ کا لباس پہنا ہوا ہے؟

____

Download free from www.bookline.pk

کتاب اُردو +5

عنوان: تفہیم # 6

نام: ______________________ تاریخ: ______________________

scan QR code for more worksheets

دی گئی عبارت کو پڑھیے اور سوالات کے جوابات دیجیے۔

قوسِ قزح سات رنگوں سے بنی ہوتی ہے۔ ہم قوسِ قزح بارش کے بعد دیکھ سکتے ہیں۔ یہ ہمیں آدھے دائرے کی شکل میں نظر آتی ہے۔ قوسِ قزح کا پہلا رنگ بنفشی ہے۔ اور اِس کا آخری رنگ سُرخ ہے۔

س1۔ قوسِ قزح میں کتنے رنگ ہوتے ہیں؟

____

س2۔ قوسِ قزح ہم کب دیکھ سکتے ہیں؟

____

س3۔ قوسِ قزح کا پہلا رنگ کونسا ہے؟

____

س4۔ قوسِ قزح کا آخری رنگ کونسا ہے؟

____

Download free from www.bookline.pk